Trillium Health Partners
Better Together

www.trilliumhealthpartners.ca

ہسپتال سے چُھٹی کی تیاری کی شناختی فہرست

ہسپتال سے فارغ ہونے والے کسی عزیز کے لئے تیاری کرنا کبھی کبھار پریشان کن اور بھاری وقت ہوسکتا ہے۔ اپنے پیارے کو ہسپتال سے چھٹی ملنے سے پہلے اس بارے میں سوالات ضرور کریں کہ ان کی گھر واپسی کی تیاری کے لئے آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کسی بات کو نہیں سمجھتے تو اس کی وضاحت طلب کرنے کو یقینی بنائیں۔ آپ کی صحت کی نگہداشت کرنے والی ٹیم آپ کی معاونت اور مدد کرنے کے لئے موجود ہے۔

✓	پوچھے جانے والے سوالات	تبصرہ
	چھٹی ملنے کے بعد کون سے ڈاکٹر (ڈاکٹروں) کو دکھانے کی ضرورت ہے (فیملی ڈاکٹر، اسپیشلسٹس وغیرہ)؟ اپوائنٹمینٹس کب ہیں؟ ڈاکٹروں کے فون نمبر کیا ہیں؟	
	کیا ایسے ٹیسٹ ہیں جنہیں کروانے کی ضرورت ہے؟	
	کیا ہم جدید ترین ادویات کی فہرست حاصل کر سکتے ہیں؟ کیا ایسی ادویات جو استعمال کی جاتی تھیں، لیکن اس فہرست میں موجود نہیں، کیا وہ اب بھی لی جائیں گی (بشمول وٹامن اور سپلیمنٹس)؟	
	اگر ہمارے ادویات کے بارے میں سوالات ہیں تو ہمیں کس نمبر پر فون کرنا چاہیئے؟	
	کیا چھٹی ملنے کے بعد کوئی گھر پر نگہداشت کی خدمات فراہم کی جائیں گی (پی ایس ڈبلیو، نرسنگ، تھراپی، وغیرہ)؟ اگر وہ نہ آئیں تو ہم کس سے رابطہ کریں؟	
	تندرست ہونے کیلئے میرے پیارے کو گھر پر کیا کرنے کی ضرورت ہے (وزن، بلڈ پریشر، بلڈ شوگر چیک کریں، ورزشیں کریں وغیرہ۔)؟	
	کیا آپ ہمیں وہ کام سرانجام دینے کے طریقے دکھائیں گے جن میں خصوصی مہارتوں کی ضرورت ہوتی ہے (پٹی تبدیل کرنا، ٹیکہ لگانا وغیرہ)؟ کیا آپ ہمیں ایسا کرتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں اور ہمیں بتا سکتے ہیں کہ کیا ہم اسے صحیح طریقے سے کر رہے ہیں؟ اگر ان کاموں میں مدد کی ضرورت ہو تو ہم کس نمبر پر فون کریں؟	
	ہمیں کیا دیکھنا چاہیئے؟ اگر ایسا ہوتا ہے تو ہم کیا کریں اور کسی کو کب بلایا جائے؟ جب مشکلات پیش آئیں تو ہم کس نمبر پر کال کریں؟	
	کیا گھر میں کسی سامان کی ضرورت ہے (واکر، آکسیجن، بیت الخلا کی اونچی سیٹ، وغیرہ)؟ اس کا بندوبست کون کرے گا؟ اگر سامان (equipment) کے بارے میں سوالات ہوں تو ہمیں کس نمبر پر فون کرنا چاہیئے؟	
	کون سی غذائیں کھائی جانی چاہئیں؟ کون سی غذاؤں سے پرہیز کیا جانا چاہیئے؟	

یہ وسائل صرف معلومات کے مقاصد کے لئے فراہم کئے جاتے ہیں اور یہ طبّی نگہداشت کے متبادل کے طور پر نہیں ہوتے ہیں۔ اگر اپنی صحت کی نگہداشت کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہِ کرم اپنے صحت کی نگہداشت فراہم کرنے والے سے مشورہ کریں۔ کسی وسیلہ کو شامل کرنا ٹریلیئم ہیلتھ شراکت داروں کی توثیق کی دلالت نہیں کرتا۔